# عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو ناپسند کرتی تھیں کہ حالتِ نماز میں اپنے ہاتھ کو کوکھ پر رکھا جائے وہ فرماتی تھیں کہ ایسا یہودی کرتے ہیں

عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو ناپسند کرتی تھیں کہ حالتِ نماز میں اپنے ہاتھ کو کوکھ پر رکھا جائے وہ فرماتی تھیں کہ ایسا یہودی کرتے ہیں

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

یہ حدیث اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو ناپسند کرتی تھیں کہ کوئی شخص حالتِ نماز میں اپنا ہاتھ اپنی کوکھ پر رکھے اور اس کی وجہ اور سبب یہ بیان کیا کہ یہ یہودیوں کا فعل ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/10875